08/05/2026 12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

کابینہ

جموں کشمیر کابینہ کمیٹی کی ایک میٹنگ آج سہ پہر سرینگر میں منعقد ہو رہی ہے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں منعقد ہونے والی اس میٹنگ میں کئی اہم انتظامی اور ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال ہونے کی توقع ہے ۔

سول سیکریٹریٹ سرینگر میں منعقد ہونے والی اس میٹنگ میں کابینی وزراءکے علاوہ انتظامیہ کے سینئر عہدیدار بھی موجود رہیں گے ۔

سمینار

ساہتیہ اکیڈمی کی طرف سے گورنمنٹ ڈگری کالج پانپور میں کشمیر کی معروف شاعرہ حبہ خاتون سے متعلق ایک سمینار منعقد کیا گیا ۔ سمینار میں جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی ۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حبہ خاتون نے اپنی شاعر ی میں صرف اپنے دل کی ہی بات نہیں کہی ہے بلکہ انہوں نے وادی کے خواتین طبقے کی قوت کا بھی واضح اعلان کیا ہے ۔

سپیکر

مدھیہ پردیش قانون ساز اسمبلی میں سرکاری یقین دہانیوں سے متعلق کمیٹی کے ایک وفد نے سرینگر میں اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر کے ساتھ ملاقات کی ۔ وفد کی قیادت کمیٹی کے چیر مین ہری شنکرKhatik کر رہے تھے ۔

اس موقعہ پر طرفین نے قانون سازی کے کام کے طور طریقوں اور متعلقہ کمیٹیوں کے مخصوص کاموں کی نسبت سے ایک دوسرے سے جانکاری حاصل کرنے کے لئے علم کے باہمی

تبادلے پر توجہ مرکوز رہی ۔ عبدالرحیم راتھر نے قانون سازی کے اداروں میں بین ریاستی تال میل پر زور دیا ۔

عالمی دن

آج ریڈکراس کا عالمی دن ہے۔یہ دن انسانیت ، غیر جانبداری ، رضا کارانہ خدمات، یکجہتی ، آفاقیت اور ہمدردی جیسے اقدار کی پاسداری کو یقینی بنانے کیلئے منایاجاتاہے۔

ریڈ کراس کے عالمی دن کے سلسلے میں آج وادی میں بھی کئی تقاریب کا اہتمام ہے ۔اس سال اس دن کا موضوع ”Keeping Humanity Alive “ رکھا گیا ہے ۔

بارہمولہ میٹنگ

محکمہ خوراک اور امور صارفن کے ڈائریکٹر کشمیر ناظم ضیا خان نے محکمے کی جوائنٹ ڈائریکٹر شاہینہ خان کے ہمراہ ایک میٹنگ کے دوران ضلع بارہمولہ میں عوامی تقسیم کاری کے نظام اور محکمے کے کام کاج کا تفصیلی جائزہ لیا تاکہ بہبودی سکیموں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنایا جا سکے ۔

میٹنگ میں محکمے کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر بارہمولہ شیخ طارق، تحصیل سپلائی افسران اور سمارٹ PDS آپریٹر بھی موجود تھے ۔

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں نو مئی کو منعقد ہونے والی منشیات مخالف پد یاترا کے سلسلے میں انتظامات کو حتمی شکل دے دی ہے ۔ انہوں نے پد یاترا کے احسن انعقاد کے سلسلے میں باہمی تال میل پر زور دیا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر شوپیان شِشر گپتا نے بھی زمینی سطح پر منشیات کے خلاف سرکاری احکامات کی تعمیل من و عن یقینی بنانے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔ انہوں نے ضلعے میں جاری سو روزہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت اب تک کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا ۔

ایک علیحدہ میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر موصوف نے ضلعے میں عید الاضحی کے سلسلے میں کئے جا نے والے انتظامات کا بھی جائزہ لیا ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے خانقاہِ نقشبند صاحب ؒ اور Vicharnag مندر میں سرکار کی Conservation ہیرٹیج سکیم کے تحت جاری تجدید کاری کے کاموں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے

کاموں کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے تعمیراتی معیار بر قرار رکھنے کی ہدایت دی ۔

ایک اور میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر سرینگر نے 2026-27 کے لئے ضلع کیپیکس کے منصوبوں کا بھی جائزہ لیا تاکہ ترقیاتی کاموں کو بر وقت شروع کیا جا سکے ۔

ڈپٹی کمشنرگاندربل جتن کشور نے پی ایم سوریہ گھر سکیم کے تحت سبھی زیرِ التواءمعاملات کو مقررہ وقت کے اندر کلئیر کرنے کی ہدات دی ہے ۔ وہ اس سلسلے میں اس مرکزی معاونت والی سکیم پر عمل آوری کی پیش رفت کا افسروں کی ایک میٹنگ میں جائزہ لے رہے تھے ۔

ناظم اطلاعات

ناظم اطلاعات کشمیر Shreya Singhal نے کشمیر ڈویژن کے ضلع اطلاعاتی مراکز کی کارگزاری کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا ۔ انہوں نے ساتھ ہی نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت محکمے کی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا ۔

ڈائریکٹر موصوفہ نے زمینی سطح پر عوامی رابطے کی مزید مضبوطی پر زور دیتے ہوئے سرکاری پالیسیوں ، بہبودی کے اقدامات اور ترقیاتی حصولیابیوں کے بارے میں اطلاعات کی موثر تشہیر یقینی بنانے کی تاکید کی ۔

۔ ڈویژنل کمشنر

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پوری یو ٹی میں سول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے سرگرمیاں جاری ہیں۔ ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ اس سو روزہ مہم کے پہلے 25دنوں کے دوران 58ہزار533بیداری پروگرام منعقد کئے گئے۔جبکہ مختلف پروگراموں میں51لاکھ سے زیادہ شہریوں نے شرکت کی۔

انہوںنے مزید کہا ہے کہ اسی مدت کے دوران ایک ہزار752یوتھ کلب متحرک کئے گئے جبکہ مساجد اور دیگر مذہبی مقامات پر928منشیات مخالف تقریریں کی گئیں۔

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔

ڈرگ سمگلروں کے خلاف پولیس کی کاروائیاں بھی لگاتار جاری ہیں اور کل دن بھر کے دوران مزید کچھ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات بر آمد کر لی گئیں ۔

سول انتظامیہ کی جانب سے بھی عوام میں منشات کے مضر اثرات کے بارے میں جانکاری عام کرنے کے پروگرام لگاتار منعقد کئے جا رہے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****